

Workers' Compensation Board

# ضائع شدہ اجرت کے فوائد

وہ ملازمین جو دوران ملازمت چوٹ یا بیماری کی وجہ سے کام سے محروم رہتے ہیں، وہ اپنی

## تلافی کے فوائد

اگر آپ کام پر زخمی یا بیمار ہو جائیں، تو اپنے آجر کو تحریری طور پر 30 دنوں کے اندر مطلع کریں۔ آپ کو NYS ورکرز کمپنسیشن بورڈ [NYS Workers' Compensation Board] (بورڈ) کے پاس ایمپلائی کلیم *Employee Claim (ملازم کا دعویٰ) (فارم C-3)* بھی فائل کرنا چاہیے۔ فارم بورڈ کی ویب سائٹ wcb.ny.gov سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

اگر آپ کے کام کے آٹھ تا 14 کیلنڈر ضائع ہو جاتے ہیں، تو آپ ان دنوں کی ضائع شدہ اجرت وصول کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے کام کے 14 کیلنڈر دنوں سے زیادہ ضائع ہو جاتے ہیں، تو آپ کو کام ضائع ہونے کے پہلے دن سے اجرت موصول ہو سکتی ہے۔ بصورت دیگر، آپ کو ضائع شدہ وقت کے پہلے سات کیلنڈر دنوں کی ادائیگی موصول نہیں ہو گی۔

## ضائع شدہ اجرت کے فائدے کا حساب کتاب

ضائع شدہ اجرت کے فوائد، جو ٹیکس سے مبرا ہوتے ہیں، چوٹ یا بیماری کی تاریخ سے پہلے 52 ہفتوں کے لیے آپ کی ا **وسط ہفتہ وار اجرت (Average Weekly Wage, AWW)** اور آپ کی معذوری کی شدت پر مبنی ہوتے ہیں۔ آپ کا AWW آپ کی مجموعی آمدنی پر مبنی ہوتی ہے، بشمول اوور ٹائم اور دیگر معاوضے، نہ کہ آپ کو ملنے والی خالص آمدنی پر۔ آپ کی معذوری کی شدت اس کا فیصد ہے کہ آپ کتنے معذور ہوتے ہیں۔ آپ کے فائدے کا حساب لگانے کے لیے، بورڈ آپ کے AWW کا دو تہائی حصہ استعمال کرتا ہے اور پھر اسے آپ کی معذوری کے لحاظ سے ایڈجسٹ کر دیتا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کا AWW بنتا ہو 900$ اور آپ کی معذوری 50% معذور ہو، تو آپ کا فائدہ 300$ فی ہفتہ بنے گا (2/3 x 900$ = 600$۔ 600$ x 50% = 300$)۔

## زیادہ سے زیادہ اور کم از کم ہفتہ وار فوائد

فائدہ کی رقم یکساں ہو گی چاہے آپ کی معذوری عارضی ہو یا مستقل۔ ورکرز کی معاوضے سے محرومی کی اجرت کے فوائد زیادہ سے زیادہ ہفتہ وار رقم سے مشروط ہوتے ہیں، جو آپ کی چوٹ یا بیماری کی تاریخ پر مبنی ہوتا ہے۔ اگر زیادہ سے زیادہ فائدہ تبدیل ہوتا ہے، تو آپ کے فائدہ کی ہفتہ وار رقم تبدیل نہیں ہوتی۔

زیادہ سے زیادہ ہفتہ وار فائدہ ہر سال 1 جولائی کو ایڈجسٹ کیا جاتا ہے۔ یہ پوری ریاست کی اوسط ہفتہ وار اجرت کے مطابق ہوتا ہے، جس کا تعین NYS ڈیپارٹمنٹ آف لیبر (Department of Labor) کرتا ہے۔ ورکرز کا معاوضہ نیو یارک ریاست کی اوسط ہفتہ وار آمدنی کا زیادہ سے زیادہ دو تہائی حصہ ہوتا ہے۔

**آپ wcb.ny.gov پر جا کر اور سرچ بار میں «maximum weekly benefit (زیادہ سے زیادہ ہفتہ وار فائدہ)» یا «minimum weekly benefit (کم از کم ہفتہ وار فائدہ)» ٹائپ کر کے موجودہ زیادہ سے زیادہ اور کم از کم ہفتہ وار فوائد کے علاوہ پہلے کی رقوم کا شیڈول بھی دیکھ سکتے ہیں۔**

نوٹ کریں: اگر انشورنس کنندہ آپ کے دعوے پر کوئی تنازعہ کرتا ہے، تو آپ کو اس وقت تک ادائیگی نہیں کی جائے گی جب تک کہ بورڈ تنازعہ کو حل نہیں کرتا۔ جب تک کہ کیس حل نہ ہو جائے، آپ معذوری کے فوائد کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے بورڈ کو (877) 632-4996 پر کال کریں۔

## معذوری کی درجہ بندیاں

آپ کی معذوری درج ذیل میں سے کسی ایک درجہ بندی میں شامل ہو سکتی ہے۔ نوٹ کریں: تمام چوٹیں پہلے «temporary (عارضی)» تصوّر ہوتی ہیں، یہاں تک کہ وہ بھی جو بعد میں «permanent (مستقل)» قرار دے دی جاتی ہیں۔

- **عارضی کُلی معذوری:** آپ نے عارضی طور پر کام کرنے اور اجرت حاصل کرنے کی اپنی تمام صلاحیتیں کھو دی ہوں۔ آپ مکمل قابل اجازت ضائع شدہ اجرت کے فائدے کے حقدار ہوں۔
- **عارضی جزوی معذوری:** آپ نے عارضی طور پر کام کرنے اور پوری اجرت حاصل کرنے کی صلاحیت کھو دی ہو۔ آپ کا فائدہ آپ کی معذوری کے فیصد کے برابر ہو۔
- **مستقل جزوی معذوری، غیر شیڈول شدہ نقصان:** آپ نے کام کرنے کی اپنی کچھ صلاحیت کھو دی ہو۔ آپ 10 سال تک ضائع شدہ اجرت کے فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنی ضائع شدہ اجرت کے فوائد کے اختتام کے ایک سال کے اندر ہوں اور اگر آپ اپنی اجرت کمانے کی صلاحیت کا 75% سے زیادہ کھو چکے ہوں، تو آپ انتہائی مشکل حالات کے تحت زندگی بھر کے فوائد کے بھی اہل ہو سکتے ہیں۔ طبی دیکھ بھال زندگی بھر کا فائدہ ہوتا ہے، چاہے معذوری اجرت پر اثر انداز نہ بھی ہوتی ہو۔
- **مستقل جزوی معذوری، شیڈول کا نقصان:** آپ نے اپنے بازو، ہاتھ یا انگلی؛ ٹانگ، پاؤں یا پیر؛ یا اپنی بینائی یا سماعت کے استعمال کی صلاحیت کچھ حد تک کھو دی ہو۔ شیڈول نقصان کے لیے فوائد کے ہفتوں کی تعداد قانون کے ذریعے متعین کی گئی ہے۔
- **مستقل کُلی معذوری:** آپ مستقل طور پر کام کرنے اور اجرت حاصل کرنے کی اپنی تمام صلاحیت کو کھو چکے ہیں۔ فوائد زندگی بھر جاری رہیں گے۔
- **بگاڑ:** اگر آپ کے چہرہ، سر یا گردن میں کوئی مستقل بگاڑ پیدا ہو گیا ہو۔ چوٹ کی حد کے لحاظ سے آپ کو 20,000$ تک مل سکتے ہیں۔

**فیصلہ ہو جانے کے بعد:** فیصلہ دائر کرنے کی تاریخ کے 10 دنوں کے اندر آپ کو ایک ایوارڈ ادا کیا جانا ضروری ہے۔ اگر ادائیگی میں تاخیر ہوتی ہے، تو ایوارڈ کی آپ پر واجب الادا رقم کا 20% ممکنہ جرمانہ آپ، کارکن کو ادا کرنا ہو گا۔ تاہم، دعوٰی دائر کرنے کی تاریخ کے 30 دنوں کے اندر اپیل کی جا سکتی ہے۔ اگر اپیل کا تعلق ادائیگیوں سے ہو، تو آپ کو اس وقت تک ادائیگی نہیں کی جائے گی جب تک بورڈ کا پینل ادائیگی کی ہدایت جاری نہ کرے۔

**فائدہ کی باقاعدہ ادائیگیوں کے دوران:** معاوضے کی باقاعدہ ادائیگیاں مقررہ تاریخ کے 25 دنوں کے اندر کی جانی چاہیں۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے، تو آپ کو 20% جرمانہ اور 300$ کی اضافی رقم ممکنہ طور پر، کارکن کو ادا کرنی ہو گی۔

## اپنے دعوے کا تصفیہ کرنا

آپ اور انشورنس کنندہ ایک یکمشت ادائیگی یا سالانہ رقم کے بدلے اپنا دعوئ مستقل طور پر بند کرنے سے بھی اتفاق کر سکتے ہیں۔ اسے **Settling the Claim with a Section 32 Waiver (سیکشن 32 کی چھوٹ کے ساتھ دعوے کا تصفیہ کرنا)** کہا جاتا ہے۔ اس معاہدے کے تحت، آپ آج کی ادائیگی کے بدلے مستقبل کے معاوضے کے اپنے حق سے دستبردار ہو رہے ہوتے ہیں۔ یہ دستبرداری ایک سنجیدہ فیصلہ ہے۔ صرف آپ خود فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آیا یہ آپ کے لیے صحیح ہے۔ مزید معلومات کے لیے، wcb.ny.gov پر جائیں یا بورڈ کے **یوٹیوب صفحہ پر** «Settling Your Claim (اپنے دعوے کا تصفیہ کرنے)» کی معلوماتی ویڈیو دیکھیں۔

## کم ہونے والی آمدنی کے فوائد

اگر آپ کام پر واپس جا سکتے ہوں لیکن اپنی چوٹ کی وجہ سے آپ وہی اجرت حاصل نہیں کر پاتے جو آپ اپنی چوٹ سے پہلے حاصل کرتے تھے، تو آپ کم ہو جانے والی آمدنی کے فوائد کے حقدار ہو سکتے ہیں۔ ان فوائد کے تحت آپ کی چوٹ سے پہلے کی اجرت اور آپ کی چوٹ کے بعد کی اجرت کے درمیان فرق کا دو تہائی تک ادا کیا جاتا ہے۔

## موت کی صورت میں فوائد

یہ فوائد ان کارکنوں کے خاندانوں کے لیے دستیاب ہیں جن کی موت کام سے متعلقہ کسی چوٹ یا بیماری کی وجہ سے واقع ہوئی ہو، چاہے کارکن چوٹ لگنے کے فوراً بعد مر گیا ہو یا چوٹ کی وجہ سے اس کی موت بعد میں واقع ہوئی ہو۔ کارکن کی شریک حیات اور بچے ملازم کی اوسط ہفتہ وار اجرت کا دو تہائی حصہ لیں گے، یعنی ہفتہ وار زیادہ سے زیادہ رقم کا۔ بچے 18 سال کی عمر تک یا 23 سال کی عمر تک فائدہ حاصل کرتے ہیں اگر وہ پورے وقت کالج جاتے ہوں۔ وہ بچے جو نابینا یا جسمانی طور پر معذور ہوں، وہ یہ فائدہ زندگی بھر کے لیے حاصل کریں گے۔ شریک حیات کو زندگی بھر یا دوبارہ شادی تک یہ فائدہ ملتا رہتا ہے۔ اگر شریک حیات دوبارہ شادی کرتا/کرتی ہے، تو انہیں دو سال کے فوائد کے برابر ایک حتمی ادائیگی مل جاتی ہے۔

اگر کارکن کا/کی شریک حیات، نابالغ بچے یا زیر کفالت کوئی بھی نہ ہو، تو کارکن کے والدین کو 50,000$ کی ادائیگی ملتی ہے۔ اگر طلاق ہو گئی ہو، تو وہ ادائیگی میں برابر حصہ لیتے ہیں۔ اگر مندرجہ بالا لواحقین میں سے کوئی بھی موجود نہیں ہو، تو متوفی کارکن کی پراپرٹی میں 50,000$ کی ادائیگی کر دی جاتی ہے۔ تجہیز و تکفین کے اخراجات بھی قابل ادائیگی ہوتے ہیں، جو میٹروپولیٹن نیویارک میں 12,500$ تک اور دیگر تمام کاؤنٹیوں میں 10,500$ تک ہیں۔

**موت کا دعوی دائر کرنے** کے بارے میں معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: **wcb.ny.gov/fatalitybenefit**

## سوشل سیکورٹی معذوری کی انشورنس

مستقل معذوری یا کم از کم 12 ماہ تک معذور رہنے والے افراد سوشل سیکورٹی معذوری کے فوائد کے اہل ہو سکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے سوشل سیکیورٹی آفس سے رابطہ کریں۔ سوشل سیکورٹی معذوری کی انشورنس کے عمل میں بورڈ کا کوئی کردار نہیں ہے۔

## زبان کی مدد

بورڈ آپ کے لیے آپ کی ضرورت کی دستاویزات کا ترجمہ بھی کروائے گا۔ یہ بنا کسی قیمت آپ کی سماعت کے لیے ایک ترجمان بھی فراہم کرے گا۔ ترجمہ یا ترجمانی کا بندوبست کروانے کے لیے براہ کرم **(877) 632-4996** پر کال کریں۔ اگر آپ ورچوئل سماعتیں استعمال کر رہے ہیں، تو آپ کے پاس چیک ان کے عمل کے دوران ایک ترجمان کے لیے درخواست کرنے کا اختیار بھی موجود ہوتا ہے۔

UR-WCB-INJ-Indemnity-v4 4/24 Urdu

نیویارک اسٹیٹ ورکرز کمپنسیشن بورڈ فوائد کی مناسب فراہمی کو یقینی بنا کر اور قانون پر عمل درآمد کے عمل کو فروغ دے کر ملازمین اور آجروں کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے۔ بورڈ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں: **wcb.ny.gov**۔ بورڈ کے نوٹیفیکیشنز کے لیے یہاں سائن اپ کریں: **wcb.ny.gov/Notify**.